# امام حسین علیہ السلام اور اهل بیت علیہم‌السلام

<"xml encoding="UTF-8?>




ماخوذ، از کتاب:چهل حدیث امام حسین علیہ السلام

پہلا حصہ: امام حسین علیہ السلام اور اهل بیت علیہم‌السلام

اعلیٰ والدین

حديث-۱- قالَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلّيٍ عليه السلام: مَنْ عَرَفَ حَقَّ اَبَوَيْهِ الْأفْضَلَيْنِ: مُحَمَّدٍ وَعَلّيٍ وَاَطاعَهُما حَقَّ طاعَتِهِ، قيلَ لَهُ: تَبَحْبَحْ في اَيِّ جِنانٍ شِئْتَ. [موسوعة كلمات الامام الحسين590، ح589]

امام حسین علیہ السلام نےفرمایا: جوبہترین والدین( پدر طبیعی) کی حق کو پہچانے۔کہ وہ اپنے آپ کو یعنی حضرت محمّد (صلي الله عليه و آله وسلم) اور علی (علیہ السلام) کو پہچانے اور ان کی جتنا حق ہے اتنا ہی حق ِاطاعت کرے جیسے اسے کرنا چاہیے۔جب اس سے کہا جائے: تم جس جنت میں اور جہاں کہیں بھی جگہ لینا چاہیےبیٹھ جائے۔

قیمتی جواہرات

حديث-۲- قالَ الْحُسَيْنُ عليه السلام: نَحْنُ حِزْبُ اللّهِ الْغالِبُونَ، وَعِتْرَةُ رَسُولِ اللّهِ صلي الله عليه و آله الْأقْرَبُونَ، وَاَهْلُ بَيْتِهِ الطَّيِّبُونَ، وَأَحَدُالثَّقَلَيْنِ الَّذينَ جَعَلَنا رَسُولُ اللّهِ ثانِيَ كِتابِ اللّهِ...

[احتجاج طبرسی،229،وسائل الشیعه،ج 18،ص 144]

امام حسین علیہ السلام نےفرمایا: ہم ہی، حزب اللہ ہیں، جیتیں گے۔ اور ہم ہی کے رسول خدا(ص) کےپاک و پاکیزہ خاندان و عترت رسول(ص) سے ہیں جو سب سےزیادہ ان سے قریب ہیں۔ اور ہم ان دو، مؤثر، اثر انگیز وزنوں میں سے ایک ہیں جن کو رسول خدا نے کتاب الہی قرآن کے برابرقرار دیا ہے۔

حبّ اهل بیت(ع)

حدیث-۳- قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: مَنْ أحَبَّنا لايُحِبُّنا إلاّ لِلّهِ، جِئْنا نَحْنُ وَهُوَ كَهاتَيْنِ ـ وَقَدَّرَ بَيْنَ سَبّابَتَيْهِ ـ وَمَنْ أَحَبَّنا لايُحِبُّنا إلاّ لِلدُّنْيا، فَإِنَّهُ إذا قامَ قائِمُ الْعَدْلِ وَسِعَ عَدْلُهُ الْبِرَّ وَالْفاجِرَ. [محاسن البرقی، ج 1، ص 134ـ بحارالانوار، ج 27، ص 90]

امام حسین علیه السلام نےفرمایا: جوبھی ہم (اہل بیت)سے صرف خدا کی خاطر محبت کرتا ہے، ہم(اہل بیت) اور تم دونوں اس کی مانند(دو انگلیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے)ساتھ آئینگے اور جو کوئی ہم (اہل بیت)سے دنیا کی خاطر محبت کرے گا وہ اس (بھی مفید ہے) ہوگا جب امام زمانہ (عج)ظہور فرمائینگے اوراس وقت پوری کائنات پر عدل و انصاف کا بھول بالا ہو گا۔

امام کی شناخت

حدیث-۴- عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: خَرَجَ اَلْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: اَيُّهَا النّاسُ! اِنَّ اللّه َجَلَّ ذِكْرُهُ ماخَلَقَ الْعِبادَ اِلاّ لِيَعْرِفُوهُ، فَاِذا عَرَفُوهُ عَبَدُوهُ، فَإذا عَبَدُوهُ اسْتَغْنُوا بِعِبادَتِهِ عَنْ عِبادَةِ ماسِواهُ. فَقالَ لَهُ رَجُلٌ: يَابْنَ رَسُولِ اللّهِ بِأَبى أَنْتَ وَاُمّي فَما مَعْرِفَةُ اللّهِ؟قالَ:«مَعْرِفَةُ أَهْلِ كُلِّ زَمانٍ إِمامَهُمْ اَلَّذى يَجِبُ عَلَيْهِمْ طاعَتُهُ» [علل الشرایع،ص۹-تفسیرنورالثقلین،ج۵ ص۱۳۲]

امام حسین علیه السلام نےاپنے اصحاب کےپاس تشریف لاکرفرمایا:۔ اے لوگو!بے شک پروردگاِرعالم نےاپنے بندوں کو خلق نہیں کیا، مگر اپنی معرفت اور پہچان کےلئے۔ جب خلق خدا کواس ذات الہی کی معرفت حاصل ہوجائے تو وہ اس ذاتِ اقدس کی عبادت کریں گے، اور جب وہ اس ذات الہی کی عبادت کریں گے، تو وہ کسی اور کی پرستش اور بندگی کے محتاج نہیں ہوں گےیعنی وہ مستغنی ہونگے۔ کسی آدمی نے آپ (ع)سے عرض کیا: اے فرزند رسول خدا !میرے ماں باپ کی جان آپ پر قربان!خدا کی شناخت اورمعرفت و علم سےکیا مراد ہے؟ تو آپ(ع)نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگ ہمیشہ اپنےزمانے کے امام یا امام وقت کو جانتا ہو اور اس کی شناخت سحاصل کریں، وہ امام ،جس کی اطاعت اور پیروی ان لوگوں پر واجب ہے۔

شناخت منافقین

حدیث-۵- قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: ما كُنّا نَعْرِفُ الْمُنافِقينَ عَلى عَهْدِ رَسُولِ اللّهِ صلي الله عليه و آله وسلم اِلاّ بِبُغْضِهِمْ عَـلـيّاً وَوُلْـدَهُ عليه السلام. [عیون اخبارالرضا،ج2، ص72ـ بحارالانوار، ج39، ص302]

امام حسین علیه السلام نےفرمایا:ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کےزمانے میں منافقوں کو صرف علی ابن ابی طالب اور ان کی اولاد سے دشمنی سے ہی پہچانتے تھے۔(یعنی منافق کی پہچان علی اور اولاد علی سے دشمنی ہے)

اهل بیت علیهم‌السلام پر آنسوؤ بہانے کی قدر

حدیث-۶ -قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: مَنْ دَمَعَتْ عَيْناهُ فينا دَمْعَةً بِقَطْرَةٍ اَعْطاهُ اللّه ُتَعالى الْجَـنَّةَ. [ینابیع المودة، ص 228- ذخائر العقبى في مناقب ذوي القربى،محبالدين الطبری،ص ۱۹]

امام حسین علیه السلام نے فرمایا: جوبھی شخص ہم(اہل بیت)پر ایک قطرہ آنسوبہائے گا پروردگارعالم، اس کو(قیامت کے دن) جنت عطاء کرے گا۔

فرزند ِحسین علیه‌السلام کا ظهور

حدیث-۷-قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيا إلاّيَوْمٌ واحِدٌ لَطَوَّلَ اللّه ُعَزَّوَجَلَّ ذلِكَ الْيَوْمَ حَتّى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ وُلْدى، فَيَمْلاَءُها عَدْلاً وَقِسْطاً كَما مُلِئَتْ جَوْراً وَظُلْماً، كَذلِكَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّه ِ صلي الله عليه و آله وسلم يَقُول. [کمال الدين، ص317 ـ بحارالانوار، ج51، ص133]

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس دنیا میں ایک دن بھی باقی نہ رہے گا تو بھی پروردگار عالم،اس دن کوطویل کر دے گا یہاں تک کہ میری اولاد اور میرے خاندان (اہل بیت) میں سے ایک فرد ظاہر ہو گا اور پوری کائنات کو اس طرح عدل و انصاف سے پر کرگا کہ جس طرح وہ ظلم و ستم اور جورسے بھری ہوئی ہو گی، اسی طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے۔

شیعیان ِواقعی

حدیث-۸- قالَ رَجُلٌ لِلْحُسَیْنِ بْنِ عَلیٍّ علیه السلام:یا ابْنَ رَسُولِ اللّهِ أَنَا مِنْ شیعَتِکُمْ، قالَ: اتَّقِ اللّهَ وَلاتَدَّعِیَنَّ شَیْئاً یَقُولُ اللّهُ لَکَ کَذِبْتَ وَ فَجَرْتَ فِی دَعْواكَ، إِنَّ شیعَتَنا مَنْ سَلُمَتْ قُلُوبُهُمْ مِنْ کُلِّ غِشٍّ وَغِلٍّ وَدَغَلٍ،وَلکِنْ قُلْ أَنَا مِنْ مَوالِیکُمْ وَمُحِبّیکُمْ [بحارالانوار،ج68، ص 156]

کسی شخص نے امام حسین علیہ السلام سے عرض کیا:اے فرزند رسولِ خدا(ص)، میں آپ کےچاہنےوالوں اور شیعوں میں سے ہوں،

تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: تقوی الہی اختیارکرو ، خدا سے ڈرو!

دیکھو! کسی چیز کا دعویٰ(اس طرح) مت کرنا: پروردگار عالم تم سےفرمائے کہ تم نے جھوٹ بولا ہے اور فحش و بدتمیز دعوے کیئےہے

یاد رکھنا!

ہمارے شیعہ اور چاہنے والے ایسے ہوتے ہیں، جن کےدل وقلب ہر قسم کےکینہ، فریب، دوھوکہ دہی، اور بگاڑ (ہرقسم کےنوعِ غلّ و غشّ)وغیرہ سے پاک ہوتا ہے،

بلکہ اس طرح کہو! میں آپ کے موالی و محب یعنی دوستوں ، مداحوں اور محبت کرنے والوں یا چاہنے والوں میں سے ہوں۔

دوسرا حصہ: امام حسین علیہ‌السلام اوراهداف ،مواضع اورشعار

امام حسین علیہ‌السلام اور زمانِ معاویہ

حدیث -۹- قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام:... لِیَکُنْ کُلُّ امْرِئٍ مِنْکُمْ حِلْساً مِنْ اَحْلاسِ بَیْتِهِ مـادامَ هذَا الرَّجُـلُ حَیّاً فَاِنْ یُهْلَكْ وَاَنْتُمْ أحْـیاءٌ رَجَوْنا اَنْ یُخَیِّرَاللّهُ لَنا وَیُؤْتِینا رُشْدَنا وَلا یَکِلَنا اِلی انْفُسِنا، «اِنَ اللّهَ مَعَ الَّذینَ اتَّقَوا وَالَّذینَ هُمْ مُحْسِنُون» [سوره،نحل،128] [موسوعة کلمات الامام الحسین ص 205،ح152]

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:... تم میں سے ہر ایک کواپنے اپنے گھر ومیں رہنا چاہیے (یعنی حرکت مت کرنا، بہتر ہے اپنے گھروں میں بیٹھ جائیں)، جب تک یہ شخص (معاویہ) زندہ ہے، اس لئے جب وہ ہلاک ہو گیا تو، تم زندہ ہونگے، تو ہم امید رکھتے ہیں ،کہ ہمیں خداوند عالم ،نجات ،رشد و رستگاری اور ترقی کا انتخاب فرمائے گا۔ اور ہمیں اپنے نفسوں پر چھوڑ دینا،( جیسا کہ قرآن نے وعدہ کیا ہے کہ خدا ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور عمل صالح،نیک عمل انجام لاتے ہیں) ۔

امام حسین علیہ‌السلام اور خاموشی

حدیث-١٠-قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: السید ابن طاووس: أنه(علیه السلام) قال: اِنّا لِلّهِ وَاِنّا اِلَیْهِ راجِعُونَ وَعَلَی الْاسْلامِ السَّلامُ اِذ قَدْ بُلِیَتِ الْاُمَّةُ بِراعٍ مِثْلَ یَزیدَ، وَلَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّهِ صلي الله عليه و آله یَقُولُ: اَلْخِلافَةُ مُحَرَّمَةٌ عَلی آلِ اَبی سُفیانَ۔(وعلى الطلقاء أبناء الطلقاء، فإذا رأيتم معاوية على منبري فابقروا بطنه، فوالله لقد رآه أهل المدينة على منبرجدي فلم يفعلوا ما أمروا به، فابتلاهم الله بابنه يزيد، زاده الله في النار عذابا)

[موسوعة کلمات الامام الحسین علیه السلام 285، ح252- الفتوح لابن أعثم، ج، 5 ص: 17]

سید ابن طاؤوس علیہ الرحمہ نے نقل کی ہےکہ: امام حسین علیہ السلام نے(جب مروان بن حکم کی طرف سے یزید کی بیعت کی تجویزپیش کی تو آپ علیہ السلام نے جواب میں) فرمایا: (موجودہ صورت حال میں یہ کہا جانا چاہئے):

" اِنّا لِلّهِ وَاِنّا اِلَيْهِ راجِعُونَ " "وَعَلَى الْاسْلامِ السَّلامُ "

اس قسم کے اسلام پر فاتحہ خوانی ہی کی جاسکتی ہے!کہ امّت اسلامیہ کو یزید جیسے چرواہے نے گرفتارکر لیا ہے اور میں نے بذات خود اپنے کانوں سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہےکہ: ابوسفیان کے خاندان (آل اَبی سُفیان) پر خلافت حرام ہے۔

(اورابن الطلقاء(آزاد کردہ اور نسل کش کی اولاد)کےبیٹوں اور اولادؤ!، پس تم نے معاویہ کومیرے منبر پر دیکھو، تو (اس وقت ، اے اہل مدینہ) تم اس کے پیٹ کو پھاڑ دو۔خدا کی قسم مدینہ کے لوگوں نے (معاویہ کو) ہمارے جد امجد رسول خدا(ص) کے منبرپر دیکھا ، لیکن جس چیز کی امر اور دستور وحکم دیا گیا تھا اس پر عمل نہیں کیا۔ پس پروردگار عالم نے انہیں یزید جیسےعذاب اور بلاء میں مبتلا فرمایا۔ خدایا ان پر جہنم کی عذاب میں اضافہ فرما)

خواری و ذلّت ھرگز!

حدیث-١١- قالَ الْحُسَيْنُ علیه السلام: أَلا وَاِنَّ الدَّعِىَّ ابْنَ الدَّعِىِّ قَدْ تَرَكَنى بَيْنَ السِلَّةِ وَالذِّلَةِ، وَهَيْهاتَ لَهُ ذلِكَ مِنّى! هَيْهاتَ مِنَّاالذِّلَّـةِ!! أَبَى اللّهُ ذلِكَ لَنا وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ وَ حُجُورٌ طَهُرَتْ وَ جُدُودٌ طابَتْ، اَنْ يُؤْثِرَ طاعَةَ اللِّئامِ عَلى مَصارِعِ الْكِرامِ.

[موسوعة كلمات الامام الحسين علیه السلام 425، ح412]

امام حسین علیہ السلام نے (عاشورا کے دن) فرمایا: آگاہ ہوجاؤ! اے کوفیو!یہ زنازادہ (عبید اللہ) فرزند زنازادہ (زیاد بن ابیہ)نے مجھ کو دو چیزوں کے درمیان کھڑا کر دیا ہے ، تلوار اٹھاوں اور جنگ ہو یا ذلت اختیار کروں اور اس کی بات مان لوں، اور میں ذلت نہیں برداشت کرسکتا ہوں، ذلّت و خواری اوررسوائی ہم سے بہت دور ہے !!

پروردگار عالم، اس کے رسول، مؤمنین، اور پاکیزہ خطوط اور پاکیزہ نسبوں نے ہمیں پسند نہیں کیا !کہ ہم عزّت کے ساتھ لڑنے پر آپ کی فطرت کی بنیاد کو اختیار کریں۔ آئیے ہم عزّت اور وقار کے ساتھ لڑنے کے بجائے اپنی فطرت کی بنیاد کو ماننے کا انتخاب کریں۔

اعلی موت

حدیث-١٢- قالَ الْحُسَيْنُ علیه السلام: مَوْتٌ في عِزٍّ خَيْرٌ مِنْ حَياةٍ في ذُلٍّ اَلْمَوْتُ اَوْلى مِنْ رُكُوبِ الْعارِ وَالْعارُ اَوْلى مِنْ دُخُولِ النّارِ [موسوعة كلمات الامام الحسين علیه السلام 499، ح289]

امام حسین علیہ السلام نے (یوم عاشورہ) فرمایا: ذلت کی زندگی سے عزّت اور وقار کی موت بہتر ہے۔ شرم و ذلت کی سواری سے موت بہتر ہے۔ اور ذلت و خواری سےآتش میں داخل ہونا بہتر ہے

آزاد آدمی

حدیث-١٣-قالَ الْحُسَيْنُ علیه السلام: وَيْحَكُمْ يا شِيعَةَ آلِ اَبى سُفْيانَ، اِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ دِيْنٌ وَكُنْتُمْ لاتَخافُونَ الْمَعادَ فَكُونُوا اَحْـراراً فِى دُنْيـاكُمْ.[بحارالانوار،ج 45، ص51ـمقتل خوارزمی، ج2،ص33]

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے سفیان کے پیروکارو! تم پر افسوس!اگر تمہارا کوئی دین نہیں ہے اور قیامت اور معاد سے ڈرتے نہیں ہے تو کم از کم اپنی دنیا میں آزاد انسان بن کر رہو۔

امام حسین علیہ السلام اور موت و حیات

حدیث-۱۴- قالَ الْحُسَیْنُ علیه السلام: لَیْسَ شَأْنی شَأنُ مَنْ یَخافُ الْمَوْتَ، ماأَهْوَنَ الْمَوْتِ عَلی سَبیلِ نَیْلِ الْعِزِّ وَاِحْیاءِ الْحَقِّ، لَیْسَ الْمَوْتُ في سَبیلِ الْعِزِّ اِلاّ حَیاةً خالِدَةً وَلَیْسَتِ الْحَیاةُ مَعَ الذُّلِّ اِلاَّالْمَوْتَ الَّذی لاحَیاةَ مَعَهُ، اَفَبِالْمَوْتِ تُخَوِّفُنی...وَهَلْ تَقْدِرُونَ عَلی أَكْثَرِ مِنْ قَتْلی؟! مَرْحَباً بِالْقَتْلِ فیسَبیلِ اللّهِ، وَلكِنَّكُمْ لاتَقْدِرُونَ عَلی هَدْمِ مَجْدی وَمَحْوِ عِزّی وَشَرَفی. [كلمات الامام الحسین علیه السلام،360، ح 348]

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:میری شان اور مقام اس شخص کا نہیں جو موت سے ڈرتا ہے، میرے لئے عزت کی حصول اور احیائے حق کے راہ میں جان دینا کتنا آسان ہے، ( میں سمجھتا ہوں کہ)عزت کی راہ میں مرنا حیات جاودانی کےسواء کچھ نہیں۔ لیکن ، اور ذلت کی زندگی و حیات(میرے نزدیک) ابدی موت کے سوا کچھ نہیں اور کیا تم مجھے موت سے ڈرا رہے ہو؟!...

کیا تم مجھے مارنے سے زیادہ کچھ کر سکتے ہو؟!

خدا کی راہ میں مرنا کتنی خوشی کی بات ہوگی لیکن(یاد رکھو) تم میری شان و شوکت اور منزلت کو ختم نہیں کر سکیں گے اور نہ ہی میری عزّت و آبرو کو تباہ کر پائینگے۔